صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 18 دسمبر 2015ء بمطابق 06 ربیع الاوّل 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَلْقَارِعَةُo مَا الْقَارِعَةُo وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُo يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِo وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِo فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗo فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍo وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗo فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌo وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْo نَارٌ حَامِيَةٌ۔

(ترجمہ): کھڑ کھڑانے والی۔ کھڑ کھڑانے والی کیا ہے؟۔ اور تم کیا جانوں کھڑ کھڑانے والی کیا ہے؟۔ (وہ قیامت ہے) جس دن لوگ ایسے ہوں گے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے۔ اور پہاڑ ایسے ہو جائیں گے جیسے دھنکی ہوئی رنگ برنگ کی اون۔ تو جس کے (اعمال کے) وزن بھاری نکلیں گے۔ وہ دل پسند عیش میں ہوگا۔ اور جس کے وزن ہلکے نکلیں گے۔ اس کا مرجع ہاویہ ہے۔ اور تم کیا سمجھے کہ ہاویہ کیا چیز ہے؟۔ (وہ) دہکتی ہوئی آگ ہے۔ و آخِرُ الدَعْوَانا أنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 2543، بخت بیدار صاحب، Lapsed۔ کوئسچن نمبر 2556، اعظم خان درانی، Lapsed۔ کوئسچن نمبر 2576، میڈم نجمہ شاہین۔

* 2576 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ زراعت کے مختلف اضلاع میں سولر سسٹم ٹیوب ویل کیلئے استعمال کر رہا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کوہاٹ میں کل کتنے سولر سسٹمز ٹیوب ویل کیلئے دیئے گئے ہیں، گزشتہ دو سالوں کی تفصیل حلقہ وائز فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، محکمہ زرعی انجنیئرنگ صوبے کے مختلف اضلاع میں ٹیوب ویل پر سولر سسٹم نصب کر رہا ہے۔

(ب) ضلع کوہاٹ میں مالی سال 14-2013 میں پی سی ون کے صفحہ 32 کے مطابق کوئی سولر سسٹم موجودہ ٹیوب ویلوں پر نصب نہیں کیا گیا جبکہ مالی سال 15-2014 میں پی سی ون کے صفحہ نمبر 32 کے مطابق ضلع کوہاٹ کو کل تین سولر سسٹمز فراہم کئے گئے ہیں (ضلع وائز سولر سسٹم کی تقسیم کی وضاحت پی سی ون کے صفحہ نمبر 32 پر کی گئی ہے جس کی کاپی ساتھ منسلک ہے) فراہم کردہ تین سولر سسٹمز میں سے دو سولر سسٹمز خواہشمند زمینداروں کیلئے موجودہ ٹیوب ویلوں پر نصب کئے گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ افتخار حسین ولد نسیم گل، سکنہ بانڈہ نسیم آباد چمبئی، تحصیل و ضلع کوہاٹ (حلقہ پی کے 39)۔

2۔ عبدالرشید ولد محمد فاروق، گاؤں سر گل تحصیل و ضلع کوہاٹ (حلقہ پی کے 39)۔

Distribution of Solar Pumps in Khyber Pakhtunkhwa during Project period

District	2013-14		2014-15		2015-16		Total		Grand
	Shallow	Deep	Shallow	Deep	Shallow	Deep	Shallow	Deep	
Peshawar	1	0	4	1	0	5	5	7	12
Charsadda	3	0	3	0	0	4	6	4	10
Nowshera	3	0	3	1	0	6	7	7	14
Mardan	3	0	3	0	0	6	6	6	12
Swabi	2	0	3	1	0	3	5	4	9
Kohat	0	0	3	0	0	5	3	5	8
Karak	0	0	1	1	0	5	1	4	5
Hangu	0	0	2	0	0	2	2	2	4
Bannu	0	0	3	0	0	4	3	4	7
Lakki	0	0	1	1	0	5	1	6	7
D.I.Khan	6	0	3	1	0	6	8	5	13
Tank	0	0	0	0	0	4	0	3	3
Mansehra	1	0	1	0	0	2	2	2	4
Tor Ghar	0	0	0	0	0	1	0	1	1

Abbottabad	**0**	**0**	**1**	**0**	**0**	**1**	**1**	**1**	**2**
Haripur	**1**	**0**	**2**	**1**	**0**	**4**	**3**	**5**	**8**
Kohistan	**0**	**0**	**1**	**0**	**0**	**1**	**1**	**1**	**2**
Malakand	**0**	**0**	**3**	**1**	**0**	**5**	**3**	**6**	**9**
Lower Dir	**2**	**0**	**1**	**0**	**0**	**4**	**3**	**4**	**7**
Upper Dir	**0**	**0**	**1**	**0**	**0**	**1**	**1**	**1**	**2**
Chitral	**0**	**0**	**0**	**0**	**0**	**1**	**0**	**1**	**1**
Swat	**2**	**0**	**3**	**1**	**0**	**4**	**5**	**5**	**10**
Buner	**1**	**0**	**2**	**1**	**0**	**4**	**3**	**5**	**8**
Shangla	**0**	**0**	**0**	**0**	**0**	**1**	**0**	**1**	**1**
Battagram	**0**	**0**	**0**	**0**	**0**	**1**	**0**	**1**	**1**
Total	**25**	**0**	**44**	**10**	**0**	**85**	**69**	**91**	**160**

Note:

The distribution of Solar pumping system amongst the district can be charged in accordance with demand of the farmers in respective district, on approval of the Director Agricultural Engineering Khyber Pakhtunkhwa Tarnab, Peshawar.

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں نے جو یہاں پر کوسچن کیا ہے، سولر سسٹم کے حوالے سے، یہ حکومت کا ایک اچھا پیکج ہے جو انہوں نے شروع کیا ہے لیکن اس میں یہ ہے جناب سپیکر صاحب! انہوں نے جو سولر سسٹم کی جو رقم رکھی ہے تو اس میں 50% رکھی گئی ہے عوام کیلئے، تو 50%، اس دن جو بریفنگ میں بتایا تھا کہ ایک سولر سسٹم کی قیمت تقریباً نو لاکھ اماؤنٹ بنتی ہے تو ایک زمیندار یا کسان اگر اس کا 50% کرتا ہے تو وہ تو چار یا ساڑھے چار لاکھ روپے ہیں تو وہ کیسے وہ کریگا؟ اس کیلئے حکومت کو یہ تجویز ہے کہ وہ اس کو 20% کم از کم کر دیں تاکہ اس کو زمیندار یا کسان آسانی سے ڈسٹری بیوٹ کر سکیں۔

جناب سپیکر: میڈم! بلکہ میں اس پر خود آپ کے ساتھ بات کرنا چاہتا ہوں، میں نے ابھی سیکرٹری ایگریکلچر کو بلایا تھا اور یہی سکیم میں نے اس کے ساتھ ڈسکس کی۔ میں نے کہا کہ یہ بہت اچھی سکیم ہے لیکن اس کی جو اماؤنٹ ہے، تو اس نے مجھے ریکویسٹ کی کہ میں اس کو ایک لیٹر بھیجونگا اور میں اس کو لیٹر بھیج کر، سی ایم کو بھی ریکویسٹ کرونگا کہ وہ مطلب ہے کہ 20% پر ہو جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ فارمرز کو اس کی سہولت ملے۔ عارف یوسف صاحب۔

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون): تھینک یو، سر۔ سر، اس میں اگر منسٹر صاحب خود اس کی Reply کر دیں، اگر یہ ٹائم اس میں دے دیں، Next اس میں، ان کو Reply کر دینگے یا اگر یہ

سیکرٹری صاحب آئے ہیں، اس کے بعد اگر یہ بیٹھنا چاہتے ہیں تو ان کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں، ان کی تسلی کرا لیتے ہیں جی۔

جناب سپیکر: وہ ٹھیک ہے، وہ ہو جائے گا لیکن میں نے، جی بیٹنی صاحب۔

جناب محمود احمد خان: سپیکر صاحب، د ه ته معلومات دی، دا کوم چې Distribution of Solar Pumps in Khyber Pakhtunkhwa دا که مونږ ته لږ منسټر صاحب یا دا ایډوائزر صاحب پوهه کړی چې دا په کوم ترتیب باندې دوئ کړی دی؟ دیکښې ټانک کښې تین لیکلی دی،Deep او Shallow مونږ لږ په دې دغه باندې لږ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بیټنی صاحب! تا ډیره ښه خبره اوکړله، چونکه په دیکښې ما انفارمیشن اخستی دی نو دیکښې ټیکنیکل پرابلم دا دے چې کوم میډم Identify کړو، ټیکنیکل پرابلم دا دے چې د دې ریټ سیوا دے، چار ساړهې چار لاکھ یو زمیندار باندې راځی د 50% مطابق، نو دا هغه د پاره Affordable نه دے نو هغې باندې سی ایم صاحب ته ما Verbally هم ریکویسټ کړے دے او زه نن چې دے ما سیکرټری صاحب هم راغوښتے وو، ماAlready هغه ته ریکویسټ کړے دے، ما څکه ستاسو په نالج کښې راوسته، او زه د خپل سیکرټریټ نه یو لیټر هم ورته لیږمه، دا ریکویسټ ورته کوم چې دا سکیم د Review کړی او دیکښې کم از کم، زیات نه زیات ریلیف ملاؤ شی دغه ته، ټهیک شو جی۔Next جی، ډاکټر حیدر۔

ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی اسٹیبلشمنٹ وصوبائی معائنہ ٹیم): جناب سپیکر صاحب، د فشریز هم زیات اماؤنټ دے، مهربانی د اوکړې شی، هغه د هم ورسره 20% کړی نو زما په خیال، فشریز کښې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: هغه چونکه بیا تاسو هغه سره خبره اوکړئ، ما ته د دې علم نشته۔
Next، 2577، میڈم آمنہ سردار۔

* 2577 _ محترمہ آمنہ سردار: کیا وزیر امداد بحالی و آبادکاری ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ریسکیو 1122 مردان، ڈی آئی خان، سوات اور ایبٹ آباد آفس کیلئے گاڑیوں اور دیگر اشیاء کی خریداری کی گئی ہے؛

(ب) مذکورہ اسٹیشنوں کیلئے گاڑیوں، جنریٹر، فوٹو کاپی مشین، وائرلیس سیٹ، ائرکنڈیشن، یونیفارم، لیپ ٹاپ کمپیوٹر، یو پی ایس اور دیگر اشیاء کی خریداری کیلئے فرموں نے درخواستیں دی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ اشیاء کی خریداری کیلئے کتنی فرموں نے درخواستیں دی ہیں، Venders کی جانب سے رہ گئی تمام درخواستوں اور کاغذات کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں؛

(ii) ریسکیو کے دفاتر کیلئے اشیاء کی خریداری کیلئے اخبار میں دیئے گئے اشتہار کی کاپی بمعہ تاریخ فراہم کی جائے؛

(iii) ٹینڈر کھولنے کے بعد Vender کو کتنے دنوں میں سپلائی کا پابند بنایا گیا اور انہوں نے کتنے دنوں میں سپلائی کی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>محترمہ نرگس (پارلیمانی سیکرٹری برائے امداد، بحالی و آبادکاری):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) 45 فرموں نے درخواستیں دی تھیں، تفصیلات درج ذیل ہیں:

S. No	Name of firm
01	M/S Quick Tech Pvt Ltd
02	M/S Quick Business Solutions
03	M/S Express Technologies & Enterprises
04	M/S Umer Computer Traders
05	M/S Megaplus Pakistan
06	M/S Ahmad Medix
07	M/S The Sadidian
08	M/S Bangash Enterprises and General Orders
09	M/S Secure System Pvt Ltd
10	M/S Inter Network Development Services
11	M/S Zubair Brother Pvt Ltd
12	M/S Meraj Ltd Karachi
13	M/S Engineering Solution International

14	M/S Shaheen Usma & co.
15	M/S H. cube Industries Pvt Ltd
16	M/S EVO Traders
17	M/S Sipka Manufacturing Pvt Ltd
18	M/S Micro Electronic International Pvt Ltd
19	M/S AYS Electronics
20	M/S Tech Ways Solution
21	M/S Gulf Marketing Internationals
22	M/S Solutioners consulting services
23	M/S Innovative Business Solutions
24	M/S Allied engineering Service
25	M/S Sherazi Trading
26	M/S Umar Surgical
27	M/S SIPKA Manufacturing Pvt Ltd
28	M/S Micro Electronic International Pvt Ltd
29	M/S Tech Ways Solution
30	M/S Imran & Brothers
31	M/S Chiragh Din & Sons
32	M/S M Hashim Khan & co
33	F&U Enterprises
34	Shah Nawaz Pvt Ltd
35	Afzal Motors
36	Toyta Frontier Motors Company Ltd
37	Razmak Industries Pvt Ltd
38	Gandhar Nissan Pvt Ltd
39	Hino Pak Motors
40	Colibrative Heavy Industries Pvt Ltd
41	Haseen Habib Corporation
42	Gandhara DF Pvt Ltd
43	East West Infiniti Pvt Ltd
44	Hospitek Lahore
45	Radiant Medical Pvt Ltd.

(ii) اخبارات میں دیئے گئے اشتہارات کی کاپی منسلک ہے۔

(iii) ٹینڈر ایوارڈ کرنے کے بعد کام کی نوعیت کے مطابق فرموں کو سپلائی کا پابند بنایا جاتا ہے جن کی اوسط معیاد دو سے چھ مہینے تک ہوتی ہے۔

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ جو میرا سوال ہے، اس سے میں اتنی زیادہ مطمئن نہیں ہوں اور میرا خیال ہے Concerned Minister Sahib بھی موجود نہیں ہیں۔ اگر یہ تھوڑا سا۔۔۔۔

جناب سپیکر: پینڈنگ کرلیں اس کو؟

محترمہ آمنہ سردار: جی پینڈنگ کردیں کیونکہ ابھی مجھے جواب کون دے گا؟ میں اس سے کوئی خاص مطمئن نہیں ہوں۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر بیٹھا ہے، لاء منسٹر ان کو Respond کرے گا، لاء منسٹر بیٹھا ہے، کوئسچن نمبر 2577، امتیاز شاہد صاحب۔

محترمہ آمنہ سردار: سر! اس میں بے ضابطگیاں بہت ہوئی ہیں اسلئے میں، جو مجھے دیا گیا ہے، کم از کم میں اس سے مطمئن نہیں ہوں۔ میں چاہوں گی کہ جب Concerned Minister آئیں تو پھر میں اس سے بات کروں گی۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: اوکے، پینڈنگ کرتے ہیں اس کو، پینڈنگ۔ کوئسچن نمبر 2578، میڈم آمنہ سردار۔

* 2578 _ محترمہ آمنہ سردار: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد میں سرکاری گیسٹ ہاؤسز، ڈاک بنگلے اور سرکٹ ہاؤسز موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ایبٹ آباد میں موجود سرکاری گیسٹ ہاؤسز، ڈاک بنگلوں اور سرکٹ ہاؤسز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز انکی مرمت کا بھی نظام موجود ہے، اگر ہے تو طریقہ کار کیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیراعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع ایبٹ آباد میں مختلف محکموں کے پاس سرکاری ریسٹ ہاؤسز، ڈاک بنگلہ اور سرکٹ ہاؤسز موجود ہیں جن کا محکمہ انتظامیہ سے کوئی تعلق نہیں ہے، تاہم محکمہ انتظامیہ کے پاس خیبر پختونخوا ہاؤس ایبٹ آباد موجود ہے جس میں ٹوٹل 12 کمرے ہیں جو محکمہ انتظامیہ ممبران صوبائی اسمبلی اور صوبائی وزراء کو تین دن

تک بلا معاوضہ قیام کی سہولت مہیا کرتا ہے۔ اسکے علاوہ دیگر اعلیٰ افسران کو قیام کیلئے پرمٹ جاری کیا جاتا ہے جس کی زیادہ سے زیادہ مدت تین دن تک ہوتی ہے۔ اس کی یومیہ کے حساب سے ادائیگی کرتے ہیں اور جہاں تک مرمت کا تعلق ہے تو محکمہ سی اینڈ ڈبلیو اسکی مرمت کا کام سرانجام دیتا ہے۔

محترمہ آمنہ سردار: یہ سر، اس میں جو دیا گیا ہے، اس کے علاوہ بھی سر! اس میں ایک تو بات کی گئی ہے خیبر پختونخوا ہاؤس ایبٹ آباد کی، صرف یہ ایک ہی ریسٹ ہاؤس نہیں ہے، اس کے علاوہ بھی کچھ ہے، جو ہے سرکاری، جن کو ڈاک بنگلہ ٹائپ کہا جاتا ہے، ان کی بھی تفصیل نہیں دی گئی ہے یہاں پر، اور ان کے جو حالات ہیں یا ان کی کافی خستہ حالی ہے، تو یہ بھی اتنا ڈیٹیل جواب نہیں دیا گیا جی، میں بھی اس جواب سے متفق نہیں ہوں، مطمئن نہیں ہوں۔

جناب سپیکر: اچھا، اس میں یہ ہے کہ یہ جو، لاء منسٹر، پلیز۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، میرے خیال میں بڑا سمپل اور Straightforward Question ہے اور اس کا Answer دیا گیا ہے۔ محترمہ نے فرمایا ہے کہ آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد میں سرکاری گیسٹ ہاؤسز، ڈاک بنگلے اور سرکٹ ہاؤسز موجود ہیں؟ جواب میں یہی آیا ہے، ڈیپارٹمنٹ نے کہا، جی ہاں، بالکل موجود ہیں۔ آگے پھر Next question ہے کہ اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ایبٹ آباد میں موجودہ سرکاری گیسٹ ہاؤسز ڈاک بنگلوں اور سرکٹ ہاؤسز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز ان کی مرمت کا بھی جو نظام ہے، اگر طریقہ کار ہے تو تفصیل فراہم کی جائے؟ تو اس کیلئے ضلع ایبٹ آباد میں مختلف محکموں کے پاس سرکاری ریسٹ ہاؤسز ز ڈاک بنگلے اور سرکٹ ہاؤسز ز موجود ہیں جن کا محکمہ انتظامیہ سے کوئی تعلق نہیں ہے، البتہ محکمہ انتظامیہ کے پاس خیبر پختونخوا ہاؤس ایبٹ آباد موجود ہے جس میں ٹوٹل بارہ کمرے ہیں جو محکمہ انتظامیہ ممبران صوبائی اسمبلی اور صوبائی وزراء کو تین دن تک بلا معاوضہ وہ سہولت میسر کرتا ہے، اس کے علاوہ دیگر اعلیٰ افسران کو قیام کیلئے بھی پرمٹ دیا جاتا ہے جس کی زیادہ سے زیادہ مدت تین دن تک ہوتی ہے، اس کی یومیہ کے حساب سے ادائیگی وہ کرتے ہیں اور جہاں تک مرمت کا تعلق ہے تو اس کی مرمت سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کرتا ہے، تو میرے خیال میں تو بہت تفصیلی جواب دیا گیا ہے، چاہیئے تو یہ کہ-----

جناب سپیکر: انتظامیہ ڈیپارٹمنٹ، جی میڈم!

محترمہ آمنہ سردار: سر، اس میں میرا جو پوچھنے کا مقصد یہ ہے، جیسے ابھی سرکاری گیسٹ ہاؤسز کی باتیں، یہ ڈاک بنگلوں اور سرکٹ ہاؤسز کی بات ہے، تو یہ میں کس سے پوچھوں، پھر مجھے کون بتائے گا کہ اب اس کا کون انچارج ہے؟ تو مطلب یہ اب انتظامیہ جو ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ اس طرح ہے کہ ایک ایڈمنسٹریشن کے الگ ہیں، پھر سی اینڈ ڈبلیو کے الگ ہیں، ایریگیشن کے الگ ہیں، تو یہ جو ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے آپ کو رسپانڈ کیا ہے اور یہ ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کا ہے تو اس کے مطابق جو ہے وہ ڈیٹا آپ کے سامنے ہے۔

محترمہ آمنہ سردار: ٹھیک ہے، کیونکہ سرکٹ ہاؤسز اور جو ڈاک بنگلے وہاں موجود ہیں، کسی بھی محکمے کے تحت کام کر رہے ہیں، بہت ہی بری حالت میں ہیں جبکہ ایبٹ آباد ایسی جگہ ہے جہاں پر لوگ سیاحت کیلئے جاتے ہیں۔

جناب سپیکر: امتیاز صاحب! آپ، عنایت خان، جی عنایت، پلیز، سینیئر منسٹر لوکل گورنمنٹ، عنایت خان۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تو سر! درمیان میں آیا اور میں یہ سن رہا تھا اور جواب شاید محکمہ ایڈمنسٹریشن نے دیا ہوا ہے لیکن وہاں جو ریسٹ ہاؤسز ہیں، وہ صرف محکمہ ایڈمنسٹریشن کے نہیں ہیں، لوکل گورنمنٹ کے ریسٹ ہاؤسز ہیں، محکمہ ایڈمنسٹریشن کے ہیں، انوائرنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ہیں، گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے ریسٹ ہاؤسز ہیں، Even پولیس کا ریسٹ ہاؤس ہے اور بہت سے اور محکموں کے ریسٹ ہاؤسز موجود ہیں، آپ کے علم میں ہو گا کہ جو پی ٹی آئی، جماعت اسلامی اور قومی وطن پارٹی اور ان کی اتحادی حکومت ہے، اس نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو سرکاری ریسٹ ہاؤسز ہیں، ان کو Maintain رکھا جائیگا، ان کو 'ری ہیبلیٹیٹ' کیا جائیگا اور ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے تھرو ان کو 'ہینڈ اوور' کیا جائیگا، اور آن لائن اس کی بکنگ ہو گی، تو اس سٹریٹیجی کے تحت میں میڈم کو بتانا چاہتا ہوں، اس سٹریٹیجی کے تحت وزیر اعلیٰ ہاؤس اور جو سرکٹ ہاؤس ہے، ادھر ایبٹ آباد کے اندر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر پلیز، ہاؤس کے ڈیکورم کا خیال رکھیں، اس طرح نہیں ہے، جو بھی ڈسکشن ہو، توجہ سے سنیں، پلیز۔

سینیئر وزیر (بلدیات): گورنر ہاؤس اور اس کے علاوہ باقی تقریباً سارے، ایک دو کی جگہ کے اوپر تھوڑی سی Controversy ہے، وہ سارے وہاں منتقل ہو چکے ہیں اور اس پالیسی کے تحت اب ان کی ری ہیبلی ٹیشن بھی ہو گی، ان کی آن لائن بکنگ بھی شروع ہو گئی ہے، ان کا ریونیو بھی، ریونیو میں بے تحاشہ اضافہ ہو گیا ہے اور اس میں Decision یہ ہو گیا ہے کہ یہ سارے ریسٹ ہاؤسز جو ہیں، وہ ٹورازم ڈیپارٹمنٹ Takeover کرے گا لیکن ٹورازم ڈیپارٹمنٹ اس کا ستر فیصد ریونیو واپس جو Parent department ہے، اسی کو دے گا اور ٹورازم ڈیپارٹمنٹ اس کو انٹرنیشنل سٹینڈرڈ پر Maintain کرے گا اور اس کو کمرشل بیسز پر چلائے گا اور جو لوگ آن لائن بکنگ کریں گے، ان کو وہ ملے گا۔

جناب سپیکر: نہیں میڈم! آپ پلیز۔

سینیئر وزیر (بلدیات): اس پالیسی کے تحت یہ سارے ریسٹ ہاؤسز جو ہیں، وہ سارے ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے پاس آجائیں گے، ایبٹ آباد کے For the time being اور فیوچر کیلئے یہ Replicate ہو گی، پورے صوبے کے اندر یہ پالیسی۔

جناب سپیکر: نیکسٹ، 2583، زرین گل صاحب۔

* 2583 _ جناب زرین گل: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات اور محکمہ آبپاشی میں کلریکل سٹاف میں ایک آسامی اکاؤنٹس کلرک کی ہوتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اکاؤنٹس کلرک کے علاوہ کلرک کو گریڈ سات سے گیارہ اور سینئر کلرک کو نو سے چودہ میں اپ گریڈ کیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ محکموں میں اکاؤنٹس کلرکس کو گریڈ پندرہ میں اپ گریڈ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ ان میں پائی جانے والی بے چینی کو ختم کیا جاسکے؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) اس سوال کا تعلق محکمہ مواصلات و تعمیرات اور محکمہ آبپاشی سے ہے، لہذا ان سے وضاحت طلب کی جائے۔

(ب) جونیئر کلرک کو گریڈ گیارہ اور سینئر کلرک کو گریڈ چودہ میں اپ گریڈ کیا جا چکا ہے۔

(ج) اکاؤنٹس کلرک کا کیس اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں بنائے جانے والی کمیٹی میں جس کا چیئرمین چیف سیکرٹری تھا، زیر غور آیا تھا اور مذکورہ کمیٹی نے اپنی سفارشات مرتب کر کے جناب وزیر اعلیٰ صاحب کو منظوری کیلئے بھیجا تھا لیکن انہوں نے گریڈ ایک سے گریڈ پانچ کے ملازمین کو Two step جبکہ گریڈ چھ سے گریڈ پندرہ تک One step اپ گریڈیشن کی منظوری دی۔

فی الحال اکاؤنٹس کلرک کو سکیل پندرہ میں اپ گریڈ کرنے کا کوئی کیس زیر غور نہیں۔

جناب زرین گل: ډیره شکریه، محترم سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 2583 (الف)، (ب)، (ج)۔ محترم سپیکر صاحب، دیکښې ما تپوس کړے وو چې تاسو جونیئر کلرک سینئر کلرک د ایک نه پانچ پورې او د چھ نه دغه پورې Two step او One step اپ ګریډ کړل، زه دا تپوس کوم چې دا اکاؤنټس کلرکس چې دی، دا ولې تاسو پروموټ نه کړل، دوئ څه زیاتے کړے دے؛ څه ګناه ئے کړې ده؟

جناب سپیکر: لاء منسٹر، فنانس منسٹر، پلیز۔

وزیر خزانہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ تاسو خو زما کار اسان کړو خو بهرحال دا سوال راته مخې ته راغلے دے، زرین ګل حاجی صاحب چې کوم سوال کړے دے او کوم تپوس ئے کړے دے نو هغوی ته یو جواب خو مخامخ دا ملاؤ دے چې د دې سوال دوه حصې دی، اولنې تپوس چې دے هغه د محکمه آبپاشی سره دے، دویم ئے چې د فنانس نه کوم سوال کړے دے نو د دوئ خبره په خپل ځائې ټهیک ده، هسې خو په تیر وخت کښې د جونیئر کلرکس او د سینیئر کلرکس وغیره اپ ګریډیشن شوے دے او یو ډیر لوئې دغه هغوی ته ملاؤ شوے دے، سرکال باندې Two step promotion اوشو، د ګریډ ایک نه د پانچ پورې، دا ستاسو چې کوم سوال دے نو دا خبره ګورنمنټ یوه کمیټی جوړه کړې ده د چیف سیکرټری صاحب په سربراهئ کښې او هغه دا بقیه چې څومره پروموشنز دی نو د دې جائزه اخلی، هوم ورک ئے پرې کړے دے، ستا

سو توجه پخپل ځائې ټهيک ده او هيڅا سره به نا انصافی نه کيږی، زه هم د اسمبلئ په فلور باندې دا دوئ ته يقين دهانی ورکوم چې هغه کميټئ ته به مونږ توجه را اوګرځوؤ چې هغه دا خپل کار تيز کړی او د دې خلقو که Genuine حق وی چې نوره صوبه کښې چا ته ملاؤ شوې وی نو دوئ ته د ولې ملاؤ نه شی؟ نو هغه کار چې کومه کميټی ده نو هغه به سپيکر صاحب! ان شاء الله هغه کار به خپل تيز کړی او يقين دهانی زه دوئ ته ورکومه چې ان شاء الله بې انصافی به ورسره نه کيږی۔

جناب سپیکر: نیکسٹ،2585،جناب صالح محمد صاحب،جناب صالح محمد صاحب۔

* 2585 _جناب صالح محمد: کیاوزیر خزانہ ارشادفرمائیں گے کہ :

(الف) آیایہ درست ہے کہ مالی سال محکمہ خزانہ، منصوبہ بندی اور گورنرہاؤس وغیرہ کے سٹاف کو کبھی دودو اور کبھی تین تین اعزازیئے دیئے جاتے ہیں؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو کن کن محکموں کو گزشتہ دوسالوں کے دوران اضافی تنخواہیں دی گئی ہیں، مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب مظفر سید(وزیر خزانہ): (الف) یہ درست ہے کہ ہر مالی سال محکمہ خزانہ، منصوبہ بندی اور گورنر ہاؤس کے سٹاف کو صرف دودو اعزازیئے دیئے جاتے ہیں نہ کہ تین تین۔

(ب) محکمہ خزانہ، منصوبہ بندی، گورنر ہاؤس کے علاوہ وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ، صوبائی وزراء، صوبائی اسمبلی اور محکمہ عملہ وانتظامیہ کومالی سال2013-14اور2014-15 میں اعزازیئے کی مد میں جو رقم ادا کی گئی ہے اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

	مالی سال 2013-14	مالی سال 2014-15
محکمہ خزانہ	26,997,542	14,132,626
محکمہ منصوبہ بندی	14,729,850	9,833,340
گورنر سیکرٹریٹ	1.074,950	2,790,040
گورنرہاؤس	1,402,700	1,437,180
وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ	8,524,680	9,006,430

صوبائی وزراء	2,725,747	3,228,750
صوبائی اسمبلی	21,700,000	24,602,000
محکمہ عملہ وانتظامیہ	19,596,651	18,496,040

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! میرا کوسچن ہے 2585، کہ "(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال محکمہ خزانہ، منصوبہ بندی اور گورنر ہاؤس وغیرہ کے سٹاف کو کبھی دو دو اور کبھی تین تین اعزازیئے دیئے جاتے ہیں؟" جناب سپیکر، یہ بڑی اچھی بات ہے کہ محکمہ خزانہ، منصوبہ بندی، گورنر سیکرٹریٹ یا گورنر ہاؤس کے سٹاف کو دو دو اعزازیئے دیئے جاتے ہیں لیکن جناب سپیکر! اگر اس کے ساتھ ساتھ جس طرح صوبائی محکمہ جات ہیں، جس طرح محکمہ داخلہ، تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ وغیرہ وغیرہ، جو صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں مگر باوجود ان کی بار بار سفارشات کے محکمہ خزانہ اور دیگر حکام نے ان کی سمری پر کوئی نہ کوئی اعتراض لگا کر یا قانون کا سہارا لے کر یا اقتصادی کمزوری کا حوالہ دے کر ان کی فائل ٹوکری میں ڈالی جاتی ہے۔ جناب سپیکر! ایک ہی سیکرٹریٹ کے اندر، ایک ہی سیکرٹریٹ کی چار دیواری کے اندر جس طرح باقی جو چار یا پانچ محکموں کو دو دو اعزازیئے دیئے جاتے ہیں، اگر اسی طرح جو باقی ہیں، جو میں نے نام لیے، تعلیم، صحت یا باقی جو محکمے ہیں، میں ان کی مخالفت نہیں کرتا ہوں جن کو دو دو اعزازیئے دیئے جاتے ہیں لیکن باقی جو اسی سیکرٹریٹ کے اندر جو دن رات کام کرتے ہیں اور جو عید کی چھٹی بھی نہیں گزارتے ہیں، جو محرم کے دن بھی وہاں پر دفتر میں کام کرتے ہیں، جو چھٹی والے دن بھی کام کرتے ہیں، میری گزارش یہ ہے کہ اگر ان کو بھی اس طرح دو اعزازیئے، کیونکہ باقی چار محکموں کو تو مل رہے ہیں، ان کو Late sitting کے نام۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ، صالح محمد صاحب! شکریہ۔ یہ سپلیمنٹری؟ سپلیمنٹری، شاہ حسین، ماشاءاللہ سپلیمنٹری میں بڑے تیز ہیں۔

جناب شاہ حسین خان: دا سې ده جي چې لکه دا خو په سمجھ کښې راځي چې محکمه خزانې اهلکارو ته یا د هغوی سټاف ته دوئ اعزازیه ورکوی ځکه هغوی بجټ تیارئ کښې ډیر لوئې کردار دے، ډیر لوئې کار دے، هغوی تر ماښامه پورې ماسختنه پورې ناست وی۔ محکمه منصوبه بندی هم ټهیک ده ځکه چې د هغوی

هم دیکښې لوئې کردار دے، ډیر لوئې کار دے خو زه نه پوهیږم چې ګورنر سیکرټریټ، ګورنر هاؤس، وزیراعلیٰ سیکرټریټ او د صوبائی وزراؤ دیکښې څویمه ده چې هغوی له هم، دا چې کوم دا خزانه شوه، منصوبه بندی شوه یا صوبائی اسمبلی شوه، دا هم ټهیک ده خو دا درې ځلور چې کوم دی، د دوئ دیکښې څه کردار دے چې دوئ له اعزازیئې ورکوی؟

جناب سپیکر: منسٹر صاحب۔

وزیر خزانہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ صالح محمد صاحب کے سوال کے دو حصے نہیں ہیں، بس ایک ہی حصہ ہے۔ انہوں نے صرف پوچھا ہے کہ کس کو دے رہے ہیں، اس کو جواب دیا گیا ہے اور تفصیلات دی گئی ہیں۔ ابھی شاہ حسین خان کا جو کوئسچن ہے، وہ ضمنی ہے، وہ Irrelevant اس لحاظ سے ہے، بہر حال ہم چاہتے ہیں کہ تمام کو Compensate کریں لیکن جو کام کر رہے ہیں، جو ڈبل اس کے اوپر بوجھ ہے تو اس کو دیا جارہا ہے اور ایک سیکرٹریٹ کے اندر کافی سارے ڈیپارٹمنٹس ہیں۔ صالح محمد صاحب کی میں توجہ اس لئے مبذول کرانا چاہتا ہوں لیکن ہر ایک کے اپنے اپنے Portfolios ہیں، کام ہے، Job descriptions ہیں، وہ اپنے کام کے، جو بجٹ کے حوالے سے اور جو Round the clock کام کر رہے ہیں، یہ ان کو دیئے جارہے ہیں، آپ دعا کریں کہ صوبہ کے ساتھ اتنے وسائل آجائیں تو ہم ساروں کو Compensate کر رہے ہیں اور ساروں کو Compensate کرنے کا ہم ایک ارادہ رکھتے ہیں لیکن فی الحال یہ بہ امر مجبوری جو لوگ کام کر رہے ہیں، ان کو دیئے جارہے ہیں اور اگر آپ نے ایک ایک کیس Initiate کیا جو آپ کہہ رہے ہیں کہ بار بار توجہ، تو ایک بار آپ دوبارہ، گورنمنٹ اس پر سوچے گی، جہاں تک ممکن ہو ہم Compensate کریں گے ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 2594، جناب صالح محمد صاحب۔

* 2594 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر لائیوسٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ کی غذائی ضروریات پوری کرنے کیلئے زندہ پولٹری گوشت کی روزانہ کی بنیاد پر پنجاب سے سپلائی ہوتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو فراہم کردہ گوشت کی کسی بھی مرحلہ پر ڈاکٹر وغیرہ سے Certification ہوتی ہے کہ مذکورہ گوشت مضر صحت تو نہیں ہے، مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیو سٹاک) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ زندہ پولٹری صوبہ پنجاب سے ہمارے صوبے میں لائی جاتی ہے، البتہ مرغیوں کا خام گوشت نہیں لایا جاتا۔

(ب) اس ضمن میں مطلع کیا جاتا ہے کہ صوبہ پنجاب سے روزانہ کی بنیاد پر پولٹری صوبہ خیبر پختونخوا میں سپلائی کی جاتی ہے، یہ پولٹری زندہ حالت میں پولٹری فارموں سے صوبہ خیبر پختونخوا کی پولٹری مارکیٹوں میں سپلائی کی جاتی ہے۔ اس پولٹری کو چیک کرنے کیلئے محکمہ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیویلپمنٹ نے باقاعدہ انتظامات کئے ہوئے ہیں اور صوبے میں داخلے کے تمام راستوں پر چیک پوسٹیں بنائی ہوئی ہیں۔ ان میں متعین اہلکار مرغیوں میں مختلف قسم کی بیماریوں کا جانچ کرتے ہیں اور بیمار اور مردہ مرغیوں کو موقع پر تلف کرتے ہیں۔ صوبہ پنجاب سے ہمارے صوبے میں پولٹری کا خام گوشت نہیں لایا جاتا، البتہ مختلف قسم کی کمپنیاں 'پراسسڈ' پولٹری، مختلف قسم کی پیکنگ میں لایا کرتی ہیں جن کی چیکنگ محکمہ ہذا کے دائرہ کار میں نہیں آتی۔ محکمہ ہذا کی چیک پوسٹوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

خیر آباد، ہری پور، صوابی، مردان، پشاور، دریاخان پل، خوشحال گڑھ۔

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! جو کوسچن ہے میرا لائیوسٹاک کے حوالے سے کہ پولٹری، زندہ پولٹری کا اس نے جواب تو دیا ہے، زندہ پولٹری تو ہمارے صوبے میں آرہی ہے لیکن اس میں گوشت کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ یہ گوشت چونکہ بکتا ہے، آج بھی جناب سپیکر! اگر اس ایوان سے دو بندے چلے جائیں ہشتنگری، فقیر آباد، نوتھیہ، بورڈ بازار کا وزٹ کریں، اگر ٹنوں کے حساب سے نہیں تو منوں کے حساب سے وہاں پر یہ گوشت، فریز وہاں پر مل رہا ہے۔ تو اس کیلئے ایک تو پولٹری کے حوالے سے میں بات کروں گا، بہت بڑی انڈسٹری ہے پاکستان میں اور بالخصوص ہمارے صوبے میں، ہم پولٹری جو ہے ساری، زیادہ تر ہم پنجاب سے لا رہے ہیں، اگر اس کیلئے کوئی اچھے سے اقدامات کئے جائیں کہ اگر پولٹری یہاں پر، لوگوں کو روزگار کے مواقع بھی ملیں گے اور یہ انڈسٹری اگر مضبوط ہو جائے تو میری ایک یہ گزارش ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ

جو گوشت جو آرہا ہے، جو تین چار جگہوں میں اس کو ذرا کنٹرول کیا جائے کیونکہ بغیر سرٹیفیکیشن کے وہ آرہا ہے یہاں پر، تو یہ ایک گزارش ہے کہ اس کی۔۔۔۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جناب سپیکر! صالح محمد صاحب کا یہ کوئسچن واقعی بہت اہمیت کا حامل ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ پنجاب سے اکثر جتنا بھی گوشت، اس سلسلے میں جو معاملات ہیں، وہ انتہائی حیران کن ہیں۔ اکثر وہاں سے جو گوشت سپلائی ہوتا ہے، اس میں خدشات ہوتے ہیں کہ وہ گوشت صحیح نہ ہو، تو اسی سلسلے میں ہماری حکومت صرف یہ ہے کہ زندہ پولٹری جو ہے، صوبہ پنجاب سے وہ زندہ مرغیوں کی شکل میں ادھر لاتی ہے اس صوبے میں، اور اس کیلئے باقاعدہ ایک طریقہ کار بنا ہوا ہے، چیک پوسٹس ہیں، چیک پوسٹوں میں باقاعدہ ان کو چیک کیا جاتا ہے، جو بھی بیمار مرغی ہو یا مردہ ہو، اس کو ادھر ہی تلف کر دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ خام مرغیوں کا گوشت ہم پنجاب سے سپلائی نہیں کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی نیکسٹ، 2598، میڈم معراج ہمایون۔

* 2598 _ محترمہ معراج ہمایون خان: کیا وزیر سماجی بہبود و ترقی خواتین ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ سماجی بہبود نے کچھ غیر سرکاری فلاحی اداروں کی رجسٹریشن منسوخ کی ہے؛

(ب) اگر جواب ہاں میں ہے تو تفصیل فراہم کی جائے، مزید براں رجسٹریشن کی تنسیخ اور چناؤ میں استعمال کیا گیا طریقہ کار تفصیل سے واضح کیا جائے؟

محترمہ مہر تاج روغانی (معاون خصوصی برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں): (الف) موجودہ حکومت کے اقتدار سنبھالنے تک بہت ساری تنظیمیں والنٹری سوشل ویلفیئر ایجنسیز (رجسٹریشن اینڈ کنٹرول) آرڈیننس 1961 کے تحت محکمہ سماجی بہبود کے ساتھ رجسٹرڈ ہو چکی تھیں اور مزید رجسٹریشن تیزی سے جاری تھی۔ بعض شکایات موصول ہوئیں کہ بہت سی والنٹری سوشل ویلفیئر ایجنسیز کاغذات کی حد تک تھیں لیکن عملی طور پر انکا وجود نہیں تھا جسکے نتیجے میں مزید رجسٹریشن پر پابندی لگا دی گئی جو بعد میں عوامی فلاح کو مد نظر رکھتے ہوئے ہٹا دی گئی، تاہم محکمہ سماجی بہبود کے ضلعی افسران کو پہلے سے رجسٹرڈ تنظیموں کی چھان بین کی ہدایات جاری کی گئیں جن کی رپورٹس کی روشنی میں کل 4243 تنظیموں میں سے 1764 غیر فعال، جبکہ

670 فعال قرار دی گئیں اور مزید 1809 سماجی تنظیموں کی چھان بین جاری ہے۔ محکمہ سماجی بہبود نے مندرجہ ذیل تنظیموں کے خلاف محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے ان کے انتظامی ڈھانچہ کو معطل کر دیا ہے:

1۔ٹاؤن شپ ویلفیئر سوسائٹی غازی کوٹ ٹاؤن شپ مانسہرہ:

معطل ہونے کی وجوہات۔

۱۔ ٹاؤن شپ ویلفیئر سوسائٹی کے ممبران دو گروپوں میں تقسیم ہو گئے ہیں اور ہر ایک نے اپنا الگ الیکشن کمیشن کا نوٹیفیکیشن جاری کیا۔

۲۔ دونوں گروپوں نے علیحدہ الیکشن لڑ کر اور ٹاؤن شپ ویلفیئر سوسائٹی غازی کوٹ مانسہرہ کے دو انتظامی ڈھانچے کا نوٹیفیکیشن جاری کیا۔

۳۔ سوسائٹی کا ایک گروپ بھی رضامند نہیں ہے کہ کمیونٹی کے وسیع تر مفاد کی خاطر ایک ہی باڈی ہو جبکہ ہر گروپ والنٹری سوشل ویلفیئر ایجنسیز (رجسٹریشن اینڈ کنٹرول) آرڈیننس 1961 کے تضاد میں چل رہا ہے۔

2۔ہیلپنگ اینجل سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن پشاور:

۱۔ آرگنائزیشن پشاور میں رجسٹرڈ ہے اور رجسٹریشن اتھارٹی کی سابقہ منظوری کے بغیر چارسدہ میں کام کر رہی ہے۔

۲۔ آرگنائزیشن غیر قانونی سرگرمیوں اور معصوم لوگوں سے اپنے دائرہ کار کے باہر مختلف ایجنٹس کے ذریعے غیر قانونی فنڈز جمع کروانے میں ملوث پائی گئی ہے۔

۳۔ آرگنائزیشن عوامی مفادات کے خلاف دستور سے ہٹ کر کام کرتے پائی گئی ہے۔

3۔(باران) بیسک آویرنس (Awareness and Rehabilitation) نیٹ ورک پشاور:

معطل ہونے کی وجوہات:

۱۔ آرگنائزیشن/این جی او اپنے دستور کے آرٹیکل 4 سب سیکشن K کے تحت تین سال کا عرصہ گزرنے کے بعد بھی الیکشن کروانے میں ناکام رہی۔

۲۔ آرگنائزیشن /این جی او پشاور میں رجسٹرڈ ہے اور رجسٹریشن اتھارٹی کی سابقہ منظوری حاصل کرنے کے بغیر بنوں ٹانک اور ڈی آئی خان میں کام کر رہی ہے۔

۳۔ آرگنائزیشن فنڈز کے استعمال میں خرد برد میں مرتکب پائی گئی جس کا کیس ابھی تک معزز سپریم کورٹ آف پاکستان میں زیر سماعت ہے۔

مزید براں صوبائی حکومت پراونشل کونسل آف سوشل ویلفیئر کے ذریعے ان تنظیموں کی مالی معاونت اور ان کو مستحکم کرنے کیلئے سالانہ گرانٹ ان ایڈ دیتی ہے، لہذا موجودہ حکومت نے ضلعی سطح پر کمیٹیاں قائم کی ہیں جو مالی امداد کیلئے مستحق سماجی تنظیموں کو گرانٹ ان ایڈ دینے کی سفارش کرتی ہیں تاکہ حکومت کا پیسہ ضائع ہونے سے بچ سکے۔

(ب) رجسٹریشن کی تنسیخ اور چناؤ کا طریقہ کار والنٹری سوشل ویلفیئر ایجنسیز (رجسٹریشن اینڈ کنٹرول) آرڈیننس 1961 اور والنٹری سوشل ویلفیئر ایجنسیز (رجسٹریشن اینڈ کنٹرول) رولز 1962 میں سیکشن 9، 10،11 ک 10,11 کے تحت مفصل بیان کیا گیا ہے۔ (مجوزہ آرڈیننس کی کاپی ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیره شکریه، جناب سپیکر صاحب. دا سوال 2598 سوشل ویلفیئر ما کړے وو، ډیر وخت ئے اوشو د دې سوال او په دې دوران کښې زما منسټر صاحب سره هم خبرې شوې دی او ډیپارټمنټ سره هم خبرې شوې دی نو دا د این جی اوز هغه چهان بین روان دے او هغوی د چا چې دے هغه منسوخ دی او د چا هغه لا اوسه پورې ګوری او دغه کيږی. بس زما صرف ډیپارټمنټ ته به ریکویسټ وی چې دا دیکښې لسټ ئے چې کوم ورکړے دے چې د چا منسوخ شوی دی او هغوی باندې ایکشن هم اخستے شوے دے نو دا لسټ لږ نیمګړے دے نو دا به زه د ډیپارټمنټ نه واخلم چې دیکښې نور څه دی؟ مهربانی جی.

جناب سپیکر: نیکسٹ، 2593، مفتی سید جانان صاحب۔

* 2593 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر امداد بحالی و آبادکاری ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے شمالی وزیرستان کے متاثرین کے ساتھ مختلف مدات میں تعاون کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبائی حکومت نے متاثرین شمالی وزیرستان کے ساتھ جن جن مدات میں تعاون کیا ہے، اس کی تفصیل نیز جن جن افراد کو مالی امداد/اشیاء دی گئیں، ان کے نام و پتہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) حکومت خیبر پختونخوا نے شمالی وزیرستان کے 195798 خاندانوں کیلئے مندرجہ ذیل مدات میں تعاون فراہم کیا ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

(1) نقد امداد بعنوان 'ایثار خیبر پختونخوا برائے متاثرین شمالی وزیرستان' کے تحت ایک ارب 16 کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں۔

(2) صحت کی سہولیات کیلئے 14 کروڑ 46 لاکھ روپے جبکہ لائیو سٹاک کیلئے 10 کروڑ 40 لاکھ 50 ہزار روپے مختص کئے گئے ہیں۔

(3) 20 ملین روپے ضلعی حکومت کو ریلیف اقدامات کے طور پر جاری کئے گئے ہیں۔

(4) متاثرین میں 2000 ٹینٹ تقسیم کئے گئے ہیں۔

(5) کوہاٹ، بنوں، ڈی آئی خان کے کالجوں میں شمالی وزیرستان کے طلباء کیلئے دس فی صد کوٹہ مختص کیا گیا ہے جبکہ پانچ فی صد کوٹہ پورے صوبے کے کالجوں میں مختص کیا گیا ہے۔

(6) ڈاکٹروں پر مشتمل میڈیکل ٹیمیں بھجوائی گئی ہیں جن میں ریسکیو 1122 نے بھی حصہ لیا ہے۔ ریلیف کے کاموں کو سرانجام دینے کیلئے ضلعی حکومت کو جنریٹر اور گاڑیاں فراہم کی گئیں، تاہم تمام مالی امداد بشمول فوڈ آئٹم و نان فوڈ آئٹم ایف ڈی ایم اے فاٹا سیکرٹریٹ نے تقسیم کئے ہیں، لہذا جن افراد کو یہ اشیاء تقسیم کی گئی ہیں، ان کی تفصیل نام و پتہ وغیرہ سیکرٹریٹ کے ساتھ دستیاب ہیں۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! دا ایک اور دو تین، دا شپږ څیزونه دي، دغه کښې جناب سپیکر صاحب! ایک ارب چالیس کروړ چھیاسی لاکھ پچاس هزار روپۍ ملاؤ شوې دي۔ ما صرف دا غوښتې دي چې دا چا چا ته ملاؤ دي، د دې څه تفصیل شته دے او که نشته دے؟ ما تفصیل غوښتے دے، هغه تفصیل ما ته دې سوال کښې نه دے راکړے۔ زما دا ګزارش دے جناب

سپیکر صاحب! تاسو ګورئ مخکښې زلزلې راغلې دی، سیلابونه راغلی دی، هغې کښې مونږ سره بهر ملکونو امدادونه کړی دی خو د هغې هیڅ څه ریکارډ اکثر وختونو کښې موجود نه وی، ځنې ځایونو کښې متاثرینو ته کومې پیسې راغلې دی، زه بذات خود وایم چې دا پیسې د غه خلقو ته، نیم په نیمه پیسې نه دی ملاؤ۔ زما به دا ګزارش وی چې د دې څومره تفصیل دے، دا سټینډنګ کمیټئ ته اولیږئ چې هغه ځائې کښې ئے چا چا ته دا پیسې ورکړې دی چې د دې تفصیل زمونږ مخې ته راشی، زما دا ګزارش دے جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! مفتی صاحب چې کوم کوئسچن کړے دے، زما په نقطه نظر سره خو د هغې تفصیلاً جواب حکومت ورکړے دے جی، انیس لاکھ، ایک لاکھ پچانوے هزار سات سو اٹھانوے خاندانو د پاره چې کوم امداد شوے دے، هغې کښې تفصیل چې کوم دے، هغه ډیټیل کښې ورکړے شوے دے۔ په دیکښې ایک ارب سوله کروړ روپئ ټوټل منظورې شوې دی۔ په دیکښې چوده کروړ چھیالیس لاکھ روپئ لائیو سټاک په ذریعه باندې او دس کروړ روپئ چې کوم دے دا نورې مختص شوې دی، بیس ملین ضلعی حکومت ریلیف اقدامات جاری کړی دی او متاثرین کښې تقریباً 2000 ټینټ تقسیم شوی دی۔ کوهاټ، بنوں، ډی آئی خان اور کالج شمالی وزیرستان طلباء کا پانچ فی صد کوټه مختص شوې ده او دې نه علاوه پانچ فی صد کوټه کښې پورا صوبې کښې کالجونو د پاره هم مختص ده۔ دا ټوټل تفصیل چې کوم دے په دې جواب کښې شته، زما خیال دا دے چې مفتی صاحب به دې سره اتفاق کوی او که بیا هم ده ته څه خدشات وی نو بالکل دے به مونږ کیبنو او ډیپارټمنټ سره به کیبنو او ان شاء الله بیا هم که د ده تسلی نه وی نو دا کوئسچن به بالکل مونږ سټینډنګ کمیټئ ته واستوؤ د دوئ د تسلئ دپاره۔

جناب سپیکر: جی، مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: دا زما سوال که تاسو اوګورئ کنه، اس کی تفصیل نیز جن جن افراد کو مالی امداد اشیاء دی گئیں، ان کے نام اور پتوں کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے؟ دا ما غوښتے دے، دا خو

صرف څیزونه دی، جناب سپیکر صاحب! دا ایک ارب چالیس کروړ روپئ دی، دا په خاندانونو تقسیم دی خو زه وایم چې دا چا ته ورکړې دی؟ زما دا سوال دے ، هغوی څوک دی، نومونه ئے څه دی، کومو خاندانونو ته؟-----

(عصر کی اذان)

جناب سپیکر: تاسو څه وایئ چې سټینډنګ کمیټئ ته لیږل پکار دی؟

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! زه دا وایم-----

جناب سپیکر: نه، ساده خبره کوؤ۔

مفتی سید جانان: اؤ اؤ، سټینډنګ کمیټئ ته د لاړ شی۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب، اوکے؟ چې څوک دا وائی چې دا سټینډنګ کمیټئ ته ور شی، هغوی د اووائی 'Yes'۔ څوک چې وائی چې نه د ځی، هغوی د 'No' اووائی۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: 'Yes'، دا سټینډنګ کمیټئ ته ریفر شو۔ (مداخلت) ټائم شارټ وو نو ما وئیل چې دا، 2599، سردار اورنگ زیب نلوٹھا صاحب۔

* 2599 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ زراعت کے ماتحت واٹر مینجمنٹ میں گزشتہ دو سالوں کے دوران کتنی آسامیوں پر تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے، تعینات شدہ افراد کے نام، عہدہ، گریڈ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈا پور (وزیر زراعت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) محکمہ ہذا میں گزشتہ دو سالوں میں جن آسامیوں پر تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے، ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

تعینات شدہ ملازمین کی فہرست

نمبر شمار	نام	عہدہ	گریڈ	ریمارکس
1	حبیب اللہ	چوکیدار	بی ایس 1	دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔

دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس5	جونیئر سٹور کیپر	محمد طارق	2
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس1	چوکیدار	عاطف اللہ	3
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس1	راڈ مین	احمد علی	4
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس1	راڈ مین	محمد ایوب خان	5
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس1	نائب قاصد	کامران محبوب	6
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس1	نائب قاصد	عرفان	7
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس1	نائب قاصد	واقف خان	8
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس1	راڈ مین	محمد یونس	9
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس1	راڈ مین	نسیم اللہ	10
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس4	وہیکل ڈرائیور	مبین اسلام	11
دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔	بی ایس4	وہیکل ڈرائیور	فرمان اللہ	12

13	یاسر عرفات	چوکیدار	بی ایس 1	دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔
14	رحیم علی	چوکیدار	بی ایس 1	میرٹ
15	ریاض محمد	نائب قاصد	بی ایس 1	میرٹ
16	عادل خان	راڈ مین	بی ایس 1	میرٹ
17	مقصودہ بی بی	راڈ مین	بی ایس 1	دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔
18	خانزادہ	ٹریکٹر کلینر	بی ایس 1	دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ میں بھرتی کیا گیا۔
19	اعجاز حسین	چوکیدار	بی ایس 1	میرٹ
20	ساجد خان	میس بوائے	بی ایس	میرٹ
21	محمد عامر خان	کک	بی ایس 1	میرٹ
22	عبدالرحمان	چوکیدار	بی ایس 1	میرٹ

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں نے محکمہ زراعت کے ماتحت واٹر مینجمنٹ میں گزشتہ دو سالوں کے دوران کتنی آسامیوں پر تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے، تعینات شدہ افراد کے نام، عہدہ، گریڈ کی تفصیل فراہم کی جائے؟ اس میں سر! جو تفصیل دی گئی ہے، وہ صرف مجھے کلاس فور، ڈرائیور، چوکیدار اور ان لوگوں کی تفصیل فراہم کی گئی ہے۔ کیا گزشتہ دو سالوں میں اس محکمے میں کوئی افسران بھرتی نہیں ہوئے ہیں یا دیگر لوگ نہیں بھرتی ہوئے ہیں؟ ان کی کوئی تفصیل نہیں دی گئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ سوال کا جواب مجھے نامکمل دیا گیا ہے اور اس میں حقیقت کو چھپایا گیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب،

واٹر مینجمنٹ میں ایک ڈی جی صاحب، ایک جونیئر شخص کو ڈی جی لگایا گیا ہے، کیا اس صوبے میں سینیئر افسران اور قابل لوگوں کی کمی ہے، اس کا جواب مجھے دیا جائے؟

جناب سپیکر: نہیں، آپ کا کوئسچن کیا ہے، آپ کا کوئسچن ہے اس کے حوالے سے؟ وہ تو دوسری بات ہے، وہ اس سے Related نہیں ہے۔ جی شاہ حسین، سپلیمنٹری ماشاءاللہ۔

جناب شاہ حسین خان: دا سې ده جي چې دوئ دا تقریباً څه د بائیس کسانو لسټ ورکړے دے نو په دیکښې خو دا بعضې کسان چې دی، دا خو سړے مړ دے او ځوئې، د هغه په ځائې باندې ئے د هغه ځوئې بهرتی شوے دے، دا ټهیک ده خو ښکته دا چوده نمبر دوئ لیکلی دی، چوده، پندره، انیس او بائیس چې دا مونږ په میرټ باندې کړی دی۔ آیا زه د وزیر نه دا تپوس کوم، وزیر صاحب نه دا تپوس کوم چې د چوکیدار د پاره څه میرټ دے یا د نائب قاصد د پاره څه میرټ وی، چې دا دوئ وائی چې دا مونږ په میرټ بهرتی کړی دی؟ زما ضمنی سوال دا دے چې د کلاس فور د پاره کوم میرټ وی؟

جناب سپیکر: بس چې صحت باندې ټهیک وی او لاس او پښې ئے کار کوی، دغه میرټ دے۔ (قہقہے) جی لاء منسټر صاحب، جی لاء منسټر صاحب۔

وزیر قانون: بهتر خو دا وه جی، جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔

وزیر قانون: زمونږ متعلقه منسټر صاحب شته هم نه، خو بهرحال Reply ما ته هم، چې څنګه دوئ ته راغلې ده، هغه Reply ما سره Available ده او فرق دا ده چې دلته زمونږ سره۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا، اردو میں بات کرلیں، اردو میں۔

وزیر قانون: میں بات کرتا ہوں، میں بات کرتا ہوں۔ سوری سوری، چونکہ شاہ حسین صاحب نے پشتو میں بات کی تو میں اس کو پشتو میں جواب دینے لگا۔ تو متعلقہ منسٹر صاحب آج موجود نہیں ہیں، پھر بھی جو رپورٹ آپ کو دی گئی ہے، تفصیل وہ میرے پاس بھی موجود ہے اور یہاں پہ صرف کلاس فور کے ملازمین کی تفصیل ہے جس میں میرے خیال میں جو بھی سرونٹ فوت شدہ ہیں، ان کے بچوں کو لیا گیا ہے اور اسکے علاوہ چار

پانچ لوگ ایسے ہیں کہ وہ میرٹ کی بنیاد پر لیے گئے ہیں۔ اگر آپ کو اس پہ تسلی نہیں ہے تو آپ کو پھر بھی، تو اسکو سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب سپیکر: نیکسٹ، نلوٹھا صاحب! کچھ گزارہ بھی کریں نا، نیکسٹ ان شاءاللہ پھر آپ، یا تو میں اس کو پینڈنگ رکھتا ہوں جو کنسرنڈ منسٹر آجائے، (مداخلت) بھیج دیں سیٹنڈنگ کمیٹی میں؟ جو کہتے ہیں کہ نہ بھیج دیں؟

وزیر قانون: جناب سپیکر! بہتر یہ ہے، میں یہی کہہ رہا ہوں کہ کنسرنڈ منسٹر نہیں ہے، اگر انکے تحفظات ہیں تو وہ اسکے ساتھ بات کرے گا۔ اسکے باوجود بھی اگر۔۔۔۔

جناب سپیکر: پینڈنگ کرتے ہیں اس کو۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! سٹینڈنگ کمیٹی میں، سٹینڈنگ کمیٹی میں، لاء منسٹر صاحب نے خود کہا ہے کہ سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجا جائے اور سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب، انیسہ زیب۔ یہ انیسہ زیب تو Respond کریں گی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات): شکریہ جناب سپیکر۔ یہ مسئلہ صرف اس بات سے نہیں ہے کہ سٹینڈنگ کمیٹی کو چلا جائے تو اصل چیز یہ بھی ہے گورنمنٹ کی طرف سے اور اپوزیشن دونوں کی طرف سے کہ مسئلہ حل ہونا چاہیئے، تو اگر آپ کا مسئلہ، آج منسٹر موجود نہیں ہے کنسرنڈ تو اصل چیز تو یہ ہے کہ آپ کا یہ Matter جو ہے وہ حل ہونا چاہیئے۔ اتنا ٹائم دیں کہ اس کو وہ فی الحال پینڈنگ کریں، Next sitting میں اس مسئلے کو Take up کرلیں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

وزیر معدنیات: اور اگر نہ ہوا تو پھر سٹینڈنگ کمیٹی تو موجود ہے۔

جناب سپیکر: پینڈنگ کرتے ہیں، تو اس کو پینڈنگ کرتے ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مسئلہ حل ہوا ہے میڈم مجھے بتادیں کہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کو پینڈنگ رکھتے ہیں، ٹھیک ہے جی۔

غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

2543 _ جناب بخت بیدار: کیاوزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا یہ درست ہے کہ بجٹ دستاویزات کی چھپائی کیلئے فنڈ مختص کیا جاتا ہے؛
(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ دستاویزات کی چھپائی گورنمنٹ پرینٹنگ پریس سے کی جاتی ہے؛
(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 16-2015 بجٹ دستاویزات کی چھپائی گورنمنٹ پرینٹنگ پریس سے اگر نہیں کی گئی تو وجوہات بتائی جائیں، نیز اگر مذکورہ دستاویزات کی چھپائی باہر سے کی گئی ہے تو ان پر اٹھنے والے اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے؟
جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ بجٹ دستاویزات کی چھپائی کیلئے فنڈز مختص کئے جاتے ہیں۔
(ب) یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ دستاویزات کی چھپائی گورنمنٹ پرینٹنگ پریس سے کی جاتی ہے۔
(ج) سال 16-2015 کی بجٹ دستاویزات کی چھپائی بھی گورنمنٹ پرینٹنگ پریس سے ہی کی گئی اور باہر سے کسی قسم کی چھپائی نہیں کی گئی۔
2556 _ جناب اعظم خان درانی: کیاوزیر امداد بحالی و آبادکاری ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر بنوں کو قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کے ازالہ کے لئے صوبائی حکومت نے فنڈ دیا ہے؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈپٹی کمشنر بنوں کو کل کتنی رقم دی گئی ہے اور اس کو کن کن علاقوں میں کس کس مد میں خرچ کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟
جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔
(ب) ڈپٹی کمشنر بنوں کو سال 15-2014 کے لئے محکمہ امداد باہمی و آبادکاری نے 43,309,000 جاری کئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بنوں سے موصول شدہ معلومات منسلک الف کے مطابق مندرجہ ذیل مد میں رقم خرچ کی گئی ہیں۔
بطور معاوضہ جانی نقصانات:
معاوضہ برائے اموات: 17,000,000۔

معاوضہ برائے زخمی افراد: 600,000۔

بطور معاوضہ مکانات:

(1) مکمل تباہ شدہ 3,110,000۔

(2) جزوی تباہ شدہ 33,280,000۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں 18 تاریخ کی: جناب بخت بیدار صاحب، یاسین خلیل صاحب، ملک ریاض خان، راجہ فیصل الزمان، انور حیات خان، اعظم خان درانی، زاہد خان درانی، میڈم رقیہ حنا صاحبہ، سردار محمد فرید، جناب اکبر ایوب صاحب، عبدالکریم خان، مشتاق احمد غنی، ارشد علی عمر زئی، حاجی قلندر لودھی۔ منظور ہے جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: 4 تاریخ کی، 4 تاریخ کی بھی ہم لانا چاہتے ہیں: یہ جناب سردار محمد ادریس صاحب، یہ 4 تاریخ کیلئے، 4 دسمبر کی ہے۔ میڈم معراج ہمایون، راجہ فیصل زمان، زاہد خان درانی، الحاج ابرار حسین، فضل حکیم خان، جمشید خان مہمند، افتخار مشوانی، محمد بیٹنی، ملک ریاض، اعظم درانی۔ منظور ہے جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: بڑی چھٹیاں دے رہے ہیں جی۔ اچھا، میں۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، پلیز آپ بیٹھ جائیں۔

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: میں ایک آپ کے سامنے ایک آج اناؤنسمنٹ کرنا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ڈپٹی سپیکر کے عہدے کے انتخابات کیلئے مورخہ 22 دسمبر 2015 بروز منگل دو بجے بعد از دوپہر مقرر ہے۔ کاغذات نامزدگی آپ کی میزوں پر رکھ دیئے گئے ہیں اور اعلامیہ بھی، ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار بھی موجود ہے۔ پولنگ اسی روز بوقت دو بجے بعد از دوپہر اسمبلی ہال میں شروع ہو گی۔ کاغذات نامزدگی 21

دسمبر 2015 بروز پیر دفتری اوقات کار کے ختم ہونے سے پہلے یعنی شام چار بجے تک سیکرٹری صوبائی اسمبلی کے پاس جمع کئے جاسکتے ہیں اور کاغذات نامزدگی اسی دن رات گیارہ بجے تک واپس لیے جاسکتے ہیں۔ آپ لوگوں نے میسج صحیح۔۔۔۔۔

جناب محمود جان: سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرډر، سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی، یہ ایک منٹ میں یہ ایجنڈا ختم کرتا ہوں، اس کے بعد ہم بات کریں گے۔
Mr. Muhammad Arif, MPA, to please move his-----

جناب محمود جان: سپیکر صاحب! زما خبره واورئ جی، ډیره اهمه خبره ده۔

جناب سپیکر: میں ایجنڈا پہلے کرتا ہوں، اس کے بعد ہم کرتے ہیں۔ عارف، عارف، ایم پی اے، پلیز کال اٹینشن نوٹس۔

جناب محمد عارف: شکریہ، سپیکر صاحب۔

جناب محمود جان: ما له ټائم را کړه، ډیره Important خبره ده او که تاسو ما له موقع نه را کوئ نو مونږ بیا دلته څه د پاره راغلی یو؟

توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر: عارف! پلیز۔

جناب محمد عارف: جی، شکریہ سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ ایک نہایت ہی اہم اور عوامی مفاد کی نوعیت کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ شبقدر ٹی ایچ کیو ہسپتال کے چند ڈاکٹرز اور دوسرا اسٹاف ایک عرصے سے جنرل ڈیوٹی پر دوسرے ہسپتالوں میں کام کر رہے ہیں، کئی بار ڈی ایچ او، ڈی جی اور منسٹر کے نالج میں لانے کے باوجود وہ لوگ حاضری نہیں دے رہے۔ میری گزارش ہے کہ اس اہم مسئلے کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے تاکہ کوئی خاطر خواہ حل نکل سکے۔

جناب سپیکر صاحب! زه په دې باره کښې یو دوه درې خبرې کومه جی، یو خو دغه ځائې کښې چې دا کوم ډاکټران دی جی، زما ډی جی سره خبره اوشوه، سیکرټری سره مې اوشوه، منسټر صاحب سره مې هم خبره کړې وه او هغوی متعلقه ډی ایچ او ته وئیلی وو چې دوئ ته باقاعده شوکاز نوټسې ورکړئ، د دوئ خلاف ایکشن واخلئ خو هغه هم هغه شان هغه کسان هم هغه

ځائې کښې پخپلو ډیوټو باندې حاضرې کوی، زمونږ هسپتال ته بالکل نه راځی۔ دویمه خبره جی د دې سره زه دا یو ځائې کوم، د هسپتال مسئله ده، زمونږ د هسپتال باره کښې چې کله هم ما Complaint کړے دے جی، هغه سنجیده نه دے اخستے شوے۔ یو انچارج دے جی، د وړومبئ ورځې نه ناست دے چې هغه بار بار چې کوم دے، ما دا خبره هر چا ته وئیلې ده چې دا سړے چې کوم دے، ځوک هم راولئ، زه خپل کس نه راولم، زما د تره ځوئې، د ماما ځوئې خپلوان نه راولم، ما له داسې کس راکړئ چې هسپتال ما ته ٹھیک کړی۔ زه خو په دغه ځائې کښې جی، دا زمونږ یو واحد هسپتال دے او دا داسې تحصیل دے چې دا د چارسدې نه الگ تهلگ دے، بل څه هسپتال نشته، نزدے ځائې نشته، د مازیگر نه بعد خو جی هلته ډاکټر د سره موجود نه وی او دا چې کوم دا کمیشن مافیا ده، هغه سرگرم ده۔

جناب سپیکر: شہرام خان! چونکہ نماز کیلئے، (مداخلت) بس نماز کا ٹائم ہے، بس شہرام خان!

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: شکریہ، جناب سپیکر۔ عارف خان نے بات کی، بالکل انہوں نے جب رپورٹ کی اور بتایا کہ وہاں پر ڈاکٹرز غیر حاضر ہیں تو آئی ایم یو کی ٹیم ہم نے بھیجی اور وہاں پہ ہم نے وہاں کی پوری رپورٹ اٹھائی، اس پہ Already action in place ہے، ان شاءاللہ جو غیر حاضر رہے گا، اس کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، Already چیف منسٹر کو جو سینیئر لیول کے لوگ ہیں، ان کے پاس سمری چلی گئی ہے اور جو نیئر لیول کے جو Concerned DHO کے لیول پہ یا ڈی جی کے لیول پہ جس جس لیول پہ جو ایکشن لینا ہے، وہ Already in place ہے، پھر بھی ان کی تسلی کیلئے میں ان کے ساتھ بیٹھ جاتا ہوں، عارف خان کے ساتھ اور ساتھ میں نے آج سیکرٹری سے بھی بات کی ہے کیونکہ صبح بھی ان سے یہی بات ہوئی تھی، تو ان شاءاللہ جو ان کے Concerns ہیں، ان کو ایڈریس کیا جائے گا۔ فلور آف دی ہاؤس پہ ایک اور بات کہنا چاہتا ہوں کہ جنرل ڈیوٹی پورے صوبے میں ہم نے کینسل کی ہے جی، جو ڈی ایچ او ڈاکٹر اس پر عمل نہیں کرے گا، اس کے خلاف ہم سخت سے سخت قانونی کارروائی کریں گے کیونکہ اگر جنرل ڈیوٹی بند ہے جس کو جہاں پہ ہونا چاہیئے، وہ ادھر ہی ہو گا اور اسی وجہ سے ہم باقی

ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس کی ہائرنگ کا پراسیس بھی شروع ہے تاکہ پورے ہسپتالوں میں پورا سٹاف Available ہو، ان شاءاللہ جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> چائے اور نماز کیلئے بریک ہے، پندرہ منٹ۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر اور چائے کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

(اس مرحلہ پر کورم پورا نہیں تھا)

<u>Mr. Speaker:</u> The sitting is adjourned till 03:00 pm afternoon, Monday, 21st December, 2015.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 21 دسمبر 2015ء بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)